وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَن كَثِيرٍ

اور جو مصیبت تم پر پڑتی ہے وہ تمہارے اپنے ہی ہاتھوں کی کرتوت سے اور (اس پر بھی) وہ بہت کچھ معاف کر دیتا۔

ماحولیاتی آلودگی کی اقسام

کرنے والے عوامل قدرتی بھی ہو سکتے ہیں اور انسان کے اپنے پیدا کردہ بھی۔

اقسام ہیں، جو بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر ہماری زندگیوں میں منفی کردار ادا کرتی ہیں۔

- ا: زمینی آلودگی اسباب، محرکات اور سیرت طیبہ

ہوتی ہے جس سے نظام زندگی میں عدم توازن پیدا ہوتا ہے۔

زمینی آلودگی کے اسباب محرکات مختلف ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

- ا

زرخیزی متاثر ہوتی ہیں۔ ایسی زمینیں بنجر ہو جاتی ہیں۔

استفادہ نہ اٹھایا جاسکے تو مردہ زمین میں شمار کرتے ہیں۔

- ۲

ہے اور زمین کاشتکاری کے قابل نہیں رہتی۔ جنگلات کا صفایا زمینی آلودگی کا بہت بڑا سبب ہے۔

ایندھن جلانے کے لیے جنگلات کی جگہ کا انتظام ہو سکے ۷

---

[۷] Jan L. Paper, Charles P, Gerba, Mark L, Environmental and Pollution Science (Brusseaul, 2^{nd} Edition)

•

رکاوٹیں آتی ہیں۔

چیزوں جیسے گاڑیوں.برق سامان اور مشینری وغیرہ کے پھینکنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۸

زمینی آلودگی سے متعلق سیرت طیبہ کی روشنی میں احکامات

- زمین کی آبادکاری کا حکم

آلودگی کے اسباب و محرکات میں کمی واقع ہوگی تاہم اسلام زمین کی آبادکاری کو پسند کرتا ہے۔

حدیث نبوی ہے کہ :

صَدَقَةٌ۹

جانور کھا جائے تو اس کیلئے صدقہ ہے۔

صدقہ بن جاتی ہے۔

- کاشتکاری، غرس ومزارعت کی ترغیب:

---

۸ G, S. Misra and Dinesh Mani, S.B**, Soil Pollution,** (New Dehli)

۹ مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل , جلد۱۷ , صفحہ۱۱۲

اسلام کاشتکاری، غرس ومزارعت کی ترغیب دیتاہے۔ جیساکہ رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَوْ بَہِیمَۃٌ اِلَّا کَانَتْ لَہُ بِہِ صَدَقَۃً۱۰

اس شخص کیلئے صدقہ شمار ہوتا ہے۔

اسی طرح امام محمد باقرؑ فرماتے ہے:

خَیْرُ الْاَعْمَالِ زَرْعٌ یَزْرَعُہُ فَیَأْکُلُ مِنْہُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ اِمَّا الْبَرُّ فَمَا اَکَلَ مِنْہُ وَشَرِبَ یَسْتَغْفِرُ لَہُ ۱۱۔۔۔ (الی آخر حدیث)

کیلئے استغفار کرتے ہیں۔

جنگلات کے کٹاؤ کی ممانعت

ہے۔

جیساکہ اامام صادقؑ نے فرمایا:

قَالَ الصَّادِقُ عَلَیْہِ السَّلَامُ: لَا تَقْطَعُوا الثِّمَارَ فَیَصُبَّ اللّٰہُ عَلَیْکُمُ الْعَذَابَ صَبّاً۱۲

امام صادقؑ نے فرمایا: ثمر بخش درختوں کو قطع نہ کروا گرایسا کروگے توخدا سخت عذاب نازل کرے گا۔

---

۱۰ مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل , جلد۱۳ , صفحه۴۶۰

۱۱ بحار الأنوار الجامعة لدرر أخبار الأئمة الأطهار علیهم السلام , جلد۱۰۰ , صفحه۶۹

۱۲ الفصول المهمة فی أصول الأئمة (تکملة الوسائل) , جلد۲ , صفحه۲۸۸

➢ ۲: فضائی آلودگی، اسباب، محرکات اور سیرت طیبہ:

اٹیک، انجائنا اور فالج کا حملہ وغیرہ شامل ہیں۔

❖

تعمیرات کا عمل وغیرہ۔

کا مناسب انتظام نہ ہونے جیسے عوامل بھی فضائی آلودگی میں اضافے کا سبب بنتے ہیں۔

▪

شگاف بڑھ جاتا ہے اور جو اسموگ کی صُورت بھی ظاہر ہوتا ہے۔

فضائی آلودگی کے اہم نقصانات:

نقصانات درج ذیل ہیں:

✓ ۱

سے نئے نئے بیماریاں جنم لیتی ہیں جیسا کہ ذیل کی رپورٹ سے واضح ہے:

✓

سرطان اور دل کی بیماریوں پیدا ہوتی ہے ۱۳

۲✓

بھی تیزی سے گرم ہو رہی ہیں

۳✓

کی

مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل

چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے۔

شجرکاری

عصر حاضر میں دنیا کے بڑے مسائل میں سے ایک بڑا مسئلہ کرہ ارض پر ماحولیاتی آلودگی میں مسلسل اضافہ ہے۔ اس عالمی مسئلے نے انسانی حیات وبقا کو تشویشناک اور پریشان کن صورتحال سے دوچار کر دیا ہے۔ عصر حاضر میں ماحولیاتی آلودگی بین الاقوامی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ عالمی سطح پر ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے سلسلے میں غور و فکر کیلئے کوپ (COP) کے نام سے دنیا کے مختلف شہروں میں متعدد عالمی ماحولیاتی کانفرنسز منعقد ہو چکی ہیں۔ ۶ تا ۱۸ نومبر ۲۰۲۲ میں مصر کے شہر شرم الشیخ میں عالمی ماحولیاتی کانفرنس COP-27 کا اجلاس منعقد ہوا ہے جس میں پاکستان کی موجودہ وفاقی وزیر برائے کلائمیٹ چینج کی جانب سے موسمیاتی تبدیلی کی تباہ کاریوں کے بارے میں پاکستان کا مؤقف پیش کیا گیا۔ ۱۴

[13] ماہنامہ ہمدرد صحت، کراچی، شمارہ ۹، جلد ۸۱، ذیقعدہ ۱۴۳۴ ہجری

[14] Ministry of climate change and Environmental coordination, for mor details visit website http://http/mocc.gov.pk/TopStory

اس خوفناک صورتحال میں حفظان صحت و ماحولیاتی تحفظ اور حیاتیاتی بقا کے لئے پہلے سے موجود گرین بیلٹ کی حفاظت

روشنی میں ماحولیاتی آلودگی کے تدارک میں شجر کاری کا کردار اجاگر کیا جائے۔

سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ

مقالہ نگاروں نے جدید سائنس اور اسلامی ادب کے تناظر میں نباتات اور شجر کاری پر مختلف فکری زاویوں سے لائق تحسین تحقیقی کام کیا ہے۔اس حوالے سے محمد طفیل احمد مصباحی کی کتاب " اسلام اور شجر کاری " اس موضوع پر ایک عمدہ تصنیف ہے جس میں عصر حاضر میں شجر کاری کے سماجی، معاشی، ماحولیاتی اور سائنسی پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ مقالہ نگار عبدالمنان نے اپنے ڈاکٹریٹ کے مقالہ "اسلام میں قدرتی وسائل کا تحفظ اور استعمال کے اصول و آداب: تحقیقی جائزہ" میں قدرتی وسائل کے استعمال کے اسلامی اصول وآداب اور ماحول کا تحفظ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں قلم بند کیا ہے۔ جامعہ پنجاب میں Quran Fauna and flora in the light of Islamic literature and biology تحقیقی مقالہ برائے ڈاکٹریٹ پودوں کی افادیت جدید سائنس اور اسلام کی روشنی میں علمی و تحقیق کاوش ہے۔

مقالہ معلومات و تحقیقات کا ایک خزانہ ہے۔

ڈاکٹر احسان الرحمٰن غوری کا انگریزی زبان میں Ecological issues in the light of the Holy Quranارٹیکل اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے ریسرچ جرنل علوم اسلامیہ میں ۲۰۱۷ میں پبلش ہوا۔ اس ارٹیکل میں مدلل انداز میں ماحولیاتی تحفظ کو قرآنی تعلیمات کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر عبدالمنان کا تحقیقی مقالہ بے عنوان Current global warming prevention in Islamic" "perspective: A Research Reviewریسرچ جرنل ایقان جون ۲۰۲۲ میں چھاپا جس میں گلوبل وارمنگ کے حل کے لیے اسلامی اصول و ضوابط پر روشنی ڈالی گئی۔

روشنی میں پیش کرنے کی ایک سعی ہے۔

❖ **شجرکاری کے ماحول پر مثبت اثرات:**

اس میں صدقہ ہے۔ ۱۵

۱۵ مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل , جلد۱۳ , صفحہ۴۶۰

❖ **شجرکاری سے مراد زمین پر نئے پودے اور درخت لگانا ہے شجرکاری کا لفظ عربی زبان کے لفظ شجر سے ماخوذ ہیں۔**

صاحب المفردات فی غریب القران لکھتے ہیں:

الشجر من النبات مالہ ساق یقال شجرہ وشجر نحو ثمرہ وثمر[۱۶]

نیو انسائی کلوپیڈیا بریٹانیکا میں ہے:

To qualify as a tree a plant must be perennial (i.e., a plant that renews its growth each year); in addition, trees have a single self-supporting trunk that contain Woody tissues17

کیونکہ اس سے کرہ ارض پر معیار زندگی بہتر ہوتا ہے اور بنی نوع انسان کی حاجات وضروریات بھی پوری ہوتی ہیں۔

گزارنے سے لوگوں کے مزاج کی تسکین آرام اور بلڈ پریشر کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

---

[۱۶] مفردات القران جلد ۱،ص ۵۵۷، مادہ ش،ج،ر

[17] The new encyclopedia Britannica.

شجرکاری کی تاریخی حیثیت حضرت آدمؑ کی تخلیق سے شروع ہوتی ہے ارشاد باری تعالی ہے :

الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ ١٨

اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ تم دونوں زیادتی کا ارتکاب کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔

ارشاد ہے :

وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ١٩

اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی پر وحی کی کہ پہاڑوں اور درختوں اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں گھر (چھتے) بنائے۔

لوٹتی ہے لیکن اپنے گھر کا راستہ ہرگز نہیں بھولتی اسی طرح بہت سے جانوروں کا قدرتی ایکو سسٹم اشجار و جنگلات ہیں۔

✓

فضا اور آب و ہوا، انسان کی صحت پر بڑا اثر ہوتا ہے۔ اسلام میں شجرکاری کو مقدس، ثمر بخش نیکی قرار دیا ہے۔

وغیرہ کے ہم رتبہ قرار دیا ہے۔۲۰

---

[١٨] سوره البقره آية ٣٥
[١٩] سوره النحل آيه ٦٨
[٢٠] كنز العمال ج١٥، نقل از مفاتيح الحيات، آيت الله جوادى آملى

❖ شجرکاری کی اہمیت کے بارے میں فرامین معصومین :

۱: قَالَ الصَّادِقُ عَلَيْهِ السَّلَامُ : لَا تَقْطَعُوا الثِّمَارَ فَيَصُبَّ اللهُ عَلَيْكُمُ الْعَذَابَ صَبّاً [۲۱]

امام صادقؑ نے فرمایا: ثمر بخش درختوں کو قطع نہ کرو اگر ایسا کرو گے تو خدا سخت عذاب نازل کرے گا۔

2: شجرکاری کی اتنی اہمیت ہے کہ رسول خداﷺ اس بارے میں فرماتے ہیں:

تَقُومَ السَّاعَةُ حَتَّى يَغْرِسَهَا فَلْيَغْرِسْهَا [۲۲]

اگر کسی کے پاس کوئی پودا ہو اور قیامت سر پر آچکی ہو تو قیامت کے آنے کی فرصت میں بھی کاشت کرے۔

---

[۲۱] الفصول المهمة فى أصول الأئمة (تكملة الوسائل) , جلد۲ , صفحه۲۸۸

[۲۲] مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل , جلد۱۳ , صفحه۴۶۰

❖ 3: مرنے کے بعد فائدہ:

قَالَ اَلنَّبِیّ صَلَّی اَللَّهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ : خَمْسَةٌ فِی قُبُورِهِمْ وَثَوَابُهُمْ یَجْرِی إِلَی دِیوَانِهِمْ مَنْ غَرَسَ نَخْلًا۔۔(الی آخر حدیث) ۲۳

جارہاہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ جس نے کھجور کا درخت کاشت کیا ہو۔

❖ 4: پیداوار کے برابر ثواب:

ثواب عطافرماتا ہے۔ ۲۴

❖ ۳: آبی آلودگی، اسباب، محرکات اور سیرت طیبہ

اضافہ ہو رہاہے، جب کہ زہریلے اور کیڑے مار اسپرے بھی آبی آلودگی بڑھانے کا باعث بن رہے ہیں۔

---

[۲۳] جامع الأخبار , جلد۱ , صفحه۱۰۵
[۲۴] نہج الفصاحہ



❖ آبی آلودگی سے متعلق سیرت طیبہ کی روشنی میں احکامات

پانی میں گندگی کی ممانعت:

مسلمانوں کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ انسان کی زندگی کا سبب یعنی پانی اور زندہ موجودات کو آلودہ کرے۔

قال رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ اَنۡ یُتَغَوَّطَ عَلَی شَفِیرِ مَاءٍ یُسۡتَعۡذَبُ مِنۡہُ اَوۡ نَہَرٍ یُسۡتَعۡذَبُ مِنۡہُ اَوۡ تَحۡتَ شَجَرَۃٍ عَلَیۡہَا ثَمَرُہَا

کرنے، جاری پانی اور کنویں میں لعاب دہن پھینکنے سے منع فرمایا ہے۔۲۵

---

[۲۵] الخصال , جلد۱ , صفحہ۹۷

آبی راستوں کو نجس کرنے کی ممانعت:

سے منع کیا ہے جہاں سے صاف پانی کا گزر ہوتا ہے تاکہ گندگی کی غلاظت سے صاف پانی نجس نہ ہو۔
قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اتَّقُوا الْمَلَاعِنَ الثَّلَاثَةَ: الْبَرَازَ فِي الْمَوَارِدِ، وَقَارِعَةِ الطَّرِيقِ، وَالظِّلِّ . . .» ٢٦

عام راستے میں، اور سائے میں پاخانہ پیشاب کرنے سے . . .”

❖ **حاصل بحث**

مقالہ ہذا سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں۔

✓

انہی پر منحصر ہے۔

✓

آلودگی میں فضائی گیسیں، نمکیات اور نباتاتی وحیواناتی اجزاء، فضائی آلودگی میں آتش فشاں اور قدرتی حادثات وغیرہ۔

✓

اور کیمیائی مرکبات، گیسیں اور دھواں فضائی آلودگی کا باعث ہے۔

✓ ماحولیاتی آلودگی سے متعلق سیرت طیبہ کی روشنی میں واضح احکامات موجود ہیں۔ جن راہنما اصولوں اور احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہو کر اس پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

---

[٢٦] سنن ابي داود/كِتَاب الطَّهَارَةِ: ٢٥

سفارشات و تجاویز

اس مقالہ کی روشنی میں ماحولیاتی آلودگی سے بچاؤ کیلئے درج ذیل سفارشات ہیں: .

✓ آلودگی سے بچاؤ انفرادی و اجتماعی کوششوں سے ہی ممکن ہے۔ ان اعمال و افعال کا حصہ نہیں بننا چاہیے جو اس کا باعث ہیں۔

✓

استعمال کی اشیاء کی حفاظت، طہارت، گندگی سے پرہیز جیسی اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔

✓ حکومت پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آلودگی کی روک تھام کیلئے قانون سازی کرے۔

✓

آرا کی روشنی میں بہترین تجاویز اور عمل سامنے لائے جائیں۔

✓

تدابیر سے روشناس کروایا جائے۔

✓

ہے۔

✓

کاری کی ماحولیاتی افادیت اجاگر کی جائے۔

✓ ثانوی اور اعلی تعلیمی اداروں کے نصاب میں ماحولیاتی اخلاقیات اور شجر کاری کے شعور کو اجاگر کیا جائے۔

✓

درختوں کا باغ یا جنگل

لگانے پر سرکاری سطح پر انعامات اور حوصلہ افزائی کا اعلان کیا جائے۔

منابع وماخذ

۱: القرآن الکریم
۲: بحار الانوار
۳: مرآۃ العقول فی شرح اخبار آل الرسول
۴: جامع لاحادیث، مرکز تحقیقات کمپیوتری علوم اسلامی
۵: مستدرک الوسائل ومستنبط المسائل
۶: کنزالعمال ج۱۵
۷: مفاتیح الحیات، آیت اللہ جوادی آملی
۸: الفصول المہمۃ فی اصول الائمۃ (تکملۃ الوسائل)
۹: جامع الأخبار
۱۰: نہج الفصاحہ
۱۱: مفردات القران، راغب اصفہانی
۱۲: ماہنامہ ہمدرد صحت، کراچی

۱۲:Jan L. Paper, Charles P, Gerba, Mark L, Environmental and Pollution Science (Brusseaul,2nd Edition)

۱۳:G, S. Misra and Dinesh Mani, S.B, Soil Pollution, (New Dehli)

۱۴:The new encyclopedia Britannica

۱۵؛Ministry of climate change and Environmental coordination, for mor details visit website http://http/mocc.gov.pk/TopStory

۱۶: مختلف آرٹیکلز

اہل بیت (علیہم السلام) کی محبت کا قرآنی تصور اور اہل سنت علماء

محمد یعقوب بشوی[1]

اشاریہ:

کی انتہا ہے اور اس کے بہت سے مادی، روحانی، دنیاوی اور اخروی اثرات ہیں۔ یہ نعمت نفع بخش ہے اور اس کا فائدہ

میں القربی کے مصداق معلوم ہوں، اور یہ مودّت کیسے وجود میں آتی ہے، اور اس طرح کی مودّت کو حاصل کرنے کے

مقالے میں سابقہ موضوعات کے علاوہ کچھ شکوک و شبہات کا جواب دیا گیا ہے۔

بنیادی الفاظ: آیت مودت، اہل بیت، مفسرین، اہل السنۃ، روایات، رسالت کا اجر، محبت کے آثار۔

مقدمہ

اس آیت میں خدا نے اہل بیت علیہم السلام کی مودّت کو رسالت کا اجر اور ہم وزن قرار دیا ہے اور یہ رحمت خدا کے نزدیک بہت وزنی اور قیمتی ہے، اسی وجہ سے اس نے اس مودّت کو اجرِ رسالت قرار دیا ہے: ‹‹وَالَّذِینَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

---

[1]. استاد مجتمع آموزش عالی قرآن و حدیث، جامعه المصطفی، قم bashovi786@yahoo.com

الصّالحاتِ فی رَوْضاتِ الجنّاتِ لَهُمْ ما یَشاؤُنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ذلِکَ هُوَ الفَضْلُ الکَبیرُ ذلِکَ الَّذي یُبَشِّرُ اللهُ عِبادَهُ الَّذینَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحاتِ قُلْ لا أَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ أَجْراً إِلاَّ الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبى وَ مَنْ یَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَزِدْ لَهُ فیها حُسْناً إِنَّ اللهَ غَفُورٌ شَکُورٌ» (شوری، ۲۲-۲۳).

جائے تو بعض اوقات یہ گناہِ کبیرہ بن جاتی ہے۔ اور قید و زندان تک لے جاتی ہے۔

آیت ۲۲اور ۲۳ کے سیاق و سباق کے مطابق، یہ سمجھ آتا ہے کہ اہل بیت کی مودت، مومنین کے لیے خدا کی خوشخبری کی ایک قسم ہے، اور یہ مودّت ایک شخص کو جنت میں اور خدا کی خوشنودی کے لائق بناتا ہے، اور جو کچھ یہ چاہیں خدا کے پاس ان کے لیے مہیا اور تیار ہے، اور یہ بہت بڑا فضل ہے کہ جو اللہ تعالیٰ ایک مومن کو عطا کرتا ہے۔ آیت میں خطاب ایسے ایمان والوں کو ہے کہ جو ایمان اور عمل صالح کے حامل ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو حکم دیا کہ امت سے مودّت اہل بیت کو اجرِ رسالت کے طور پر طلب کریں۔

ان کی مودّت کو اجرِ رسالت قرار دیا جاسکے۔

قربیٰ کے مصادیق:

اس آیت میں قربیٰ کے مصادیق کو سمجھنا بہت ضروری ہے، سنی اور شیعہ روایات میں بعض روایات میں صرف حضرت علی، فاطمہ اور حسنین علیہم السلام کو قربیٰ کے مصادیق قرار دیا گیا ہے، اور بعض نے دوسرے ائمہ علیہم السلام کو بھی قربیٰ کے مصادیق میں شمار کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بعض اہل سنت مفسرین نے جناب ابن عباس کی مشہور روایت نقل کی ہے کہ ابن عباس کہتے ہیں: "جب یہ آیت اتری: «قل لا اسئلکم علیہ اجرا الاّ المودۃ فی القربیٰ... "انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ آپ کے قرابتدار ورشتہ دار کون ہیں کہ جنکی مودت واجب ہے؟ فرمایا: علی اور فاطمہ اور انکے دو بچے" (سیوطی، الدار المنثور، جلد ۷، صفحہ ۳۴۸؛ ابن کثیر دمشقی، تفسیر القرآن العظیم، جلد ۱۰، صفحہ ۳۲۷۶). بعض احادیث کے مطابق رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اس جملے کو تین بار دہرایا: "علی، فاطمہ اور انکے دو بچے" (حسکانی، شواہد التنزیل، صفحہ ۱۳۲)۔

حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے لوگوں کو خطبہ دیا: امام زین العابدین روایت کرتے ہیں کہ حسن بن علی نے علی کی شہادت کے موقع پر لوگوں کو خطبہ دیا، انہوں نے خدا کی حمد و ثنا کی اور پھر فرمایا: میں ان اہل بیت میں سے ہوں جن کی مودت، خدا نے تمام مسلمانوں پر واجب فرمائی ہے، اور خدا نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا: «قُلْ لاَأَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلاّ الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبی وَمَنْ يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَزِدْ لَهُ فِيها حُسْناً»، وہ نیک عمل، ہم اھل بیت کی مودت ہے۔ (نیشابوری، المستدرک، ج ۳، ص ۱۷۲). اس روایت میں قربیٰ کا مفہوم اہل بیت تک بڑھایا گیا ہے۔

ج ۲۵، ص۱۶) . اس روایت میں قربت کا تصور دوسرے گروہ پر لاگو کیا گیا ہے، یعنی اصحاب کساء کے علاوہ پر۔

جہالت اور گمراہی سے بچائے اور اس وقت اس آیت کا اطلاق امام زمانہ (عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف) پر لاگو ہوگا۔

عبداللہ بن عجلان کہتے ہیں کہ میں نے امام ابو جعفر (باقر) سے اس آیت کے بارے میں پوچھا: «قُلْ لاأَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلاّ الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبى. "انہوں نے فرمایا: "یہ وہ آئمہ ہیں جو صدقہ نہیں کھاتے۔ اور صدقہ انکے لیے حلال نہیں۔" (حویزی، تفسیر نور الثقلین، جلد ۴، صفحہ ۵۷۱) اس روایت میں تمام ائمہ اطہار علیہم السلام پر قربیٰ کا اطلاق ہوا ہے۔ امام باقر علیہ السلام کی ایک اور روایت میں آیا ہے کہ: "ابی جعفر علیہ السلام سے اللہ تعالی کے اس قول میں ہے: "«قُلْ لاأَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلاّ الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبى. کہ آپ نے فرمایا: "وہ تمام ائمہ علیہم السلام ہیں۔" (حویزی، تفسیر نور الثقلین، جلد ۴، صفحہ ۵۷۳) . ان دو حدیثوں میں دو اماموں سے مقصود دو معصوم امام (علیہم السلام) ہیں. اور ان دو روایتوں. میں واضح طور پر "القربی" کا دوسرے معصوم ائمہ (علیہم السلام) سے عام ہونا ثابت کرتی ہیں۔)۔ ان روایات اور ان روایات کہ جو چار لوگوں (علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام) میں "قربیٰ" کو منحصر کرتی ہیں، کے امتزاج سے اس طرح سے ہے کہ آیت کریمہ کے نزول کے وقت، خاص طور پر یہ چار ہستیاں آیت کے مصداق تھے۔ لیکن ان کے بعد آیت کریمہ کا اطلاق دوسرے آئمہ اطہار علیہم السلام پر منطبق اور تاویل ھوتا ہے. اصطلاحا یہ کہہ سکتے ہیں کہ آیت کریمہ کا نزول ان چار لوگوں کے لیے مخصوص ہے اور اس کی تفسیر دوسرے سارے معصوم ائمہ علیہم السلام کے لیے ہے۔

ان روایات کے راوی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ، آپ کے اہل خانہ سے، جیسے امام علی (آلوسی، ۲۹)، امام حسن (نیشابوری، المستدرک، ج ۳، ص ۱۷۲؛ سخاوی، استجلال افصال الغرف، ج ا، ص ۳۳۱)، اور امام زین العابدین علیہ السلام (بقائی، نظم) الدار، جلد ۶، صفحہ ۶۲۴) اور صحابہ وتابعین میں سے جیسے ابن عباس، ابن ابی حاتم، تفسیر القرآن العظیم، ibid.، جابر (ابی نعیم اصباحی، جلد ۳)، صفحہ ۲۰۱۹)، عبداللہ بن مسعود (حواشی، شواہد التنزیل، جلد ۲، صفحہ ۱۳۱)، سعید بن جبیر (عمادی، تفسیر بی سعود، جلد ۶، ص۱۶)، سعدی (حسکانی، عبید۔)، عمر اور ابن شعیب (طبری، ibid.) اور دیگر۔ ابن عباس کی مشہور حدیث حکیم حسکانی (متوفی ۴۷۱ھ) نے "آٹھ" مختلف طریقوں سے لایا ہے۔ اور شواھد التنزیل، کتاب میں آیتِ مودت کے ذیل میں نقل کیا ہے۔

وسلم کے رشتہ دار ہیں۔" (طبری، جامع البیان، جلد ۱۳، صفحہ ۲۵)۔

ہے۔

آل رسول (علیہم السلام) کی مودت پر اصحاب کی بیعت:

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آمین" (حلیات الاولیاء، جلد ۳، صفحہ ۲۰۱)۔

مقابلے میں چوکنہ اور چوکس رہنے کی ضرورت ہے۔

اہل بیت علیہم السلام سے والہانہ عشق و محبت کے آثار و نتائج:

ہے: «وَ مِنْ آیاتِہِ أَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِنْ أَنْفُسِکُمْ أَزْواجاً لِتَسْکُنُوا إِلَیْہا وَ جَعَلَ بَیْنَکُمْ مَوَدَّۃً وَ رَحْمَۃً إِنَّ فی ذالِکَ لَآیاتٍ لِقَوْمٍ یَتَفَکَّرُونَ» (روم،۲۱).

سے بعض کا تذکرہ کیا جاتا ہے:

۱۔ راہ خدا میں شہادت:

عَلَی حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ ماتَ شَہِیداً»؛جو آل محمد کی محبت میں مرے وہ شہید ہو کر مرا۔

خود شہادت کی بات کی ہے اور یہ اہل بیت کے چاہنے والوں کے لیے بہت بڑی بشارت ہے۔

۱۔خدا کی طرف سے بخشے ہوئے:

ہے کہ: "اَلاَ وَ مَنْ ماتَ عَلیٰ حُبِّ آلِ محمدا ِ ماتَ مغفورًا" یہ تعبیر، عاشقان اہل بیت کے لیے استعمال ہوئی ہے، اور یہ

کہ اہل بیت علیہم السلام کی محبت کی بدولت انسانوں سے تعلق رکھتا ہے۔

۳-تائب مرنا:

السلام کی محبت میں مرے گا۔

۴-کامل ایمان کیساتھ وفات:

اس سے بڑی سعادت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

۵-ملک الموت اور قبر کے فرشتوں کی طرف سے جنت کی بشارت:

کے لیے آسان ہو جاتے ہیں۔

۶-آسمانی دلہن کی طرح:

خوشی کے گھر سے محروم نہ ہو تا کہ دونوں جہانوں کی سعادت کو پاسکے۔

۷-قبر میں جنت کا دروازہ کھلنا:

کی گئی ہے۔اور اس کا انجام دوسروں سے مختلف ہو گا۔

۸- مومن کی قبر کو رحمت کے فرشتوں کا مزار بنانا:

اس طرح عزت بخشی ہے، اس لیے ضروری ہے کہ دنیا میں ایسی زندگی اور اقدار کو یقینی بنانے کے لیے کوشش کریں

رسوائی سامنانہ کرنا پڑے.

۹-سنتِ نبوی اور امتِ مسلمہ کے مطابق مرنا:

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں ہٹاتی، بلکہ یہ تسلیم کی حالت میں اور اولیاء الہی کے ساتھ خاتمہ بالخیر تک لے جاتی ہے۔

۱۰-خدا کی رحمت کی امید رکھنا

کا جملہ لکھا ہوا میدان محشر میں حاضر ہوں گے: "«أَلَا وَ مَنْ مَاتَ عَلَى بُغْضِ آلِ مُحَمَّدٍ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ

کے دن مایوسی کی حالت میں حاضر ہو گا۔آلِ محمد کی عداوت اور دشمنی رکھ کر مرنا آخرت کو برباد کر دیتا ہے۔

۱۱- کفر کی موت سے نجات:

ہے، کہ قیامت کے دن بھی کفر کی حالت میں حاضر ہونا ہے

۱۲- جہنم سے نجات:

الکشف والبیان، ج۸، صفحہ ۳۱۴)۔

اسی طرح فخر رازی (متوفی ۶۰۴ھ) نے اپنی تفسیر میں اس حدیث کا اضافہ کیا ہے، وہ لکھتے ہیں: "صاحب کشاف روایت کرتے ہیں: «روی صاحب الکشاف: أنہ لما نزلت ہذہ الآیۃ قیل یا رسول اللہ من قرابتک ہؤلاء الذین

وجبت علينا مودتهم؟ فقال علي و فاطمة و ابناهما، فثبت أن هؤلاء الأربعة أقارب النبي صلى الله عليه و سلّم و إذا ثبت هذا وجب أن يكونوا مخصوصين بمزيد التعظيم و يدل عليه وجوه:

الأول: قوله تعالى: إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى؛

الثاني: لا شك أن النبي صلى الله عليه و سلّم كان يحب فاطمة عليها السلام قال صلى الله عليه و سلّم: «فاطمة بضعة مني يؤذيني ما يؤذيها» وثبت بالنقل المتواتر عن رسول الله صلى الله عليه و سلّم أنه كان يحب عليا و الحسن و الحسين و إذا ثبت ذلك وجب على كل الأمة مثله لقوله وَ اتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ [الأعراف: ۱۵۸] و لقوله تعالى: فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ [النور: ۶۳] و لقوله قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللهُ [آل عمران: ۳۱] و لقوله سبحانه لَقَدْ كانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ [الأحزاب: ۲۱]؛

الثالث: أن الدعاء للآل منصب عظيم و لذلك جعل هذا الدعاء خاتمة التشهد في الصلاة و هو قوله اَللّٰهمّ صلِّ علىٰ محمدٍ و علىٰ آلِ محمدٍ و ارْحَم محمدًا و آلَ محمدٍ، و هذا التعظيم لمْ يوجَد في حقِ غيرِ الآل، فكلّ ذلك يدل على أن حب آل محمد واجب، و قال الشافعي رضي الله عنه: يا راكِباً قِف بِالمُحصَّبِ مِن مِنىً وَاهتِف بِقاعِدِ خَيفِها وَالناهِضِ سَحَراً إِذا فاضَ الحَجيجُ إِلى مِنىً فَيضاً كَمُلتَطِمِ الفُراتِ الفائِضِ إِن كانَ رَفضاً حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ فَليَشهَدِ الثَقَلانِ أَنّي رافِضي» (فخر رازی، تفسیر الکبیر، ج ۲۷، ص ۱۶۷).

ہوں۔

۱۳۔ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شفاعت سے محروم ہونا:

ہے۔: «ومن مات على بغض آل بيتي، فلا نصيب له في شفاعتي»؛ جو دنیا سے جائے اور اس کے دل میں میرے

القرآن، ج١٦، ص٢٣) .

١٤-اہل بیت (علیہم السلام) کی مودت و محبت کے بغیر نجات کا کوئی امکان نہیں:

ہیں: : «لَو أنَّ عَبدًا عَبدَ الله بَینَ الصَّفا وَالمَروَةِ ألفَ عامٍ ، ثُمَّ ألفَ عامٍ ، ثُمَّ ألفَ عامٍ ، ثُمَّ لَم یُدرِک مَحَبَّتَنا لَأکَبَّهُ الله

علی)، ج١، ص١٣٢ و١٨٢) . ابن عساکر نے اس روایت کو ابوامامہ باہلی سے روایت کیا ہے۔

کی مودت کے چند آثار کو اخذ کیا جاسکتا ہے جیسے :

١٥-ایمان کی توفیق:

ساتھ نئی زندگی ملتی ہے . اور انسان کو سعادتمند بناتا ہے۔

١٦-نیک عمل کی توفیق:

قرآن کریم میں بیان کیے گئے ہیں۔

۱۷-جنت کے باغات:

وَعَمِلُوا الصّالِحاتِ فِي رَوْضاتِ الجَنّاتِ لَهُمْ». اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل صالح کرتے ہیں ان کے لیے جنات کے باغات ہیں۔

۱۸-خواہشات کا حصول:

حقیقی، واقعی حکومت حاصل کر لیتا ہے۔

۱۹- فضل کبیر:

کیا ہے؟ اس اثر کی تعریف اب الفاظ سے نہیں کی جا سکتی، لیکن اسے دیکھا، چھوا اور تجربہ کیا جا سکتا ہے اور یہ الفاظ کے قالب میں بیان نہیں ہو سکتا۔

۲۰-اعمالِ صالح کی توفیق:

یَقْتَرِفْ حَسَنَۃً''۔ نیکی کو قربی کی مودت سے حاصل کیا جا سکتا ہے.

۲۱- عمل کی حفاظت اور سرمائے و فنڈز میں اضافہ:

دھو کے کے، کیا جاتا ہے۔

۲۲-خدا کی بخشش اور مغفرت:

موجودہ آثار میں سے ایک کہا جا سکتا ہے: "اِنَّ اللہ غفورٌ"؛ اللہ بخشنے والا ہے۔

ہے۔

۲۳- شکرِ الٰہی:

فضل و کرم کا مستحق قرار دیا ہے۔

حسنہ سے مراد:

آیت کے تسلسل میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "«وَمَنْ يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْناً إِنَّ اللهَ غَفُورٌ شَكُورٌ»" (شوری، ۲۳) اور جو کوئی نیکی کماتا ہے، ہم اسکی نیکی میں اضافہ کرتے ہیں۔ یہ وہی فائدہ ہے جسکی طرف یہ آیت "«قُلْ ما سَأَلْتُكُمْ مِنْ أَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ»" (سبا، ۴۷) اشارہ کر رہی ہے۔ دوسرے لفظوں میں اہل بیت علیہم السلام کے ساتھ مودت کا سود ۱۰۰٪ سو فیصد امت کو لوٹایا جاتا ہے وہ بھی زیادہ سود کے ساتھ۔ بزرگانِ دین و مذہبی رہنماوں کی روایتیں جیسے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام، (نیشابوری، المستدرک، ج ۳، ص ۱۷۲)، ابن عباس (سیوطی، الدر المنتظر، ج ۷، ص ۳۴۸؛ محمد عاطفش، تیسیر التفسیر، ج ۱۱، ص ۴۸۲)، اور سدی (حسکانی، شواهد التنزیل، جلد ۲، ص ۱۴۹؛ ابن مغازلی، مناقب، ص ۳۱۶) میں نقل ہوا ہے کہ "کسبِ حسنۃ" سے مراد آلِ محمد کی مودت ہے، اور اہل بیت کی اس دوستی کی وجہ سے خدا ان کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ اور (حسنہ) ان نیکیوں کہ جو وہی مودت ہے کا شکریہ ادا کرتا ہے (ماوردی، النقت والعیون، جلد ۵، صفحہ ۲۰۲) یہ نیکی بہت قیمتی ہے، جس کے پاس یہ نیکی ایک دن کے لیے ہو ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ جیسا کہ بعض اہل سنت علماء نے ایک دلچسپ روایت بیان کیا ہے کہ حضور نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ''حبّ آل محمد یوماً خیر من عبادة سنۃ'' (ھیتمی، الصواعق المحرقہ)، ص ۷۱؛ ابن صباغ مالکی، الفصول المهمۃ، ص ۲۷)؛ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دوستی کا ایک دن ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

آیت مودت کے بارے میں ابن تیمیہ کی اہم ترین شبھہ کا تجزیہ:

ہیں:

جھوٹی حدیث:

۔(۲۸)

جائزہ

ابن تیمیہ کے دعوے کے برخلاف یہ حدیث صحیح السند اور معتبر ہے اہل سنت کے دانشوروں کے نزدیک. اور شیعہ علماء بھی اس کی سند پر متفق ہیں۔ اہل سنت کے بہت سے مفسرین اور محدثین ابن تیمیہ کی پیدائش سے سینکڑوں پہلے اس حدیث کو اپنی تفسیری، حدیثی اور تاریخی کتابوں میں لائے ہیں۔ اور انہوں نے اس حدیث کو قبول کیا ہے، جو یہ ہیں: جناب امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) نے اپنی کتاب فضائل الصحابہ، جلد ۲، ص۶۶۹۔ جناب ابن ابی حاتم (متوفی ۳۶۰ھ) تفسیر القرآن العظیم جلد ۱۰ صفحہ ۳۲۷۶۔ اہلِ سنت کے عظیم محدث جناب طبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) المعجم الکبیر، جلد ۳، ص ۴۷، ہجری ۲۶۴۱؛ میں۔ محترم امام واحدی (متوفی ۴۶۸ھ) کتاب الوسیط فی تفسیر القرآن المجید، جلد ۴، صفحہ ۵۲، جناب ثعلبی (متوفی ۴۲۷ھ) کتاب الکشف والبیان میں، جلد ۸، صفحہ ۳۱۰؛ جناب حاکم حسکانی (متوفی ۴۷۱ھ) نے اس حدیث کو آٹھ مختلف طریقوں سے روایت کیا (شواھد التنزیل، جلد ۲، صفحہ ۳۱۰)؛

جناب ابن مغازلی (متوفی ۴۸۳ھ) کتاب مناقب ص ۳۰۹ میں؛ جناب زمخشری (متوفی ۵۳۸ھ) تفسیر الکشاف میں، ج ۳، ص ۴۰۲؛ جناب ابن عطیہ اندلسی (متوفی ۵۴۶ھ) کتاب المحرر الوجیز جلد ۵ ص ۳۴۔ جناب ابن جوزی (متوفی ۵۹۷ھ) کتاب زاد المسیر میں، جلد ۷، ص ۱۱۷؛ محترم امام فخر رازی (متوفی ۶۰۴) کتاب التفسیر الکبیر میں، جلد ۲۷، صفحہ ۱۶۷؛ جناب امام قرطبی (متوفی ۶۷۱ھ) تفسیر الجامع لاحکام القرآن، ج ۱۶، ص ۲۲؛ میں۔ امام نسفی (متوفی ۷۱۰ھ) تفسیر النسفی میں، ج ۳، ص ۲۵۳؛ اور جناب نظام الدین نیشابوری (متوفی ۷۲۸ھ) نے اپنی کتاب تفسیر غرائب القرآن جلد ۶ صفحہ ۷۴ میں نقل کیا ہے۔ اور بعض اہل سنت علماء نے حدیث کی سند بیان کی ہے (شافعی، مطبع الصوال، ص: ۸؛ ہیثمی، مجمع الزوائد، ج ۷، ص ۱۰۳)۔

کچھ اور روایتیں جنہوں نے اہل بیت علیہم السلام کا بطور "قربی" کا تعارف کرایا ہے وہ عظیم ہستیاں جیسے امام علی (آلوسی،.ibid)، امام حسن (حکیم نیشابوری،.ibid)، امام زین العابدین سے ہیں (علیہ السلام) (ابن جریر طبری)، ابن عباس (ابن ابی حاتم،.ibid)، جابر بن عبداللہ انصاری (ابن نعیم اصبھانی،.ibid)، عبداللہ بن مسعود (حواشی شواھد التنزیل)، سعید بن جبیر (سیوطی،.ibid)، عمر اور ابن شعیب (ابن جریر الطبری،.ibid. اور سدی (حسکانی، .ibid) میں نقل کیا گیا ہے. واضح رہے کہ دیگر اہل سنت علماء کے بہت سے شبہات ابن تیمیہ کے ان الفاظ سے پیدا ہوئے اور پھیلے ہیں اور ان سب کے لیے یہی جواب کافی ہے۔

خلاصہ

لیے نجات اور دونوں جہانوں کی سعادت کا کوئی راستہ نہیں ہے۔

شاخسانہ ہیں، اور پھر دوسری کتابوں میں بھی سرایت کر گئے۔

منابع

قرآن الکریم؛

المصریة، ۱۹۹۹م؛

ابن تیمیہ الحرّانی الدمشقی، منہاج السنة النبویّة فی نقض کلام الشیعة والقدریة، قاہرہ، مکتبة ابن تیمیہ، ۱۹۹۸؛

ابن صباغ مالکی، الفصول المہمہ، موسسہ الاعلمی لمطبوعات، بیروت، ۱۹۹۸م؛

ابن عطیّہ اندلسی، المحرّر الوجیز، بیروت، داراحیاء التراث العربی، ۱۹۹۶م؛

ابن مغازلی (متوفای ۴۸۳ق) در کتاب مناقب، ص ۳۰۹)؛

احمد بن حنبل، فضایل الصحابہ، موسسة الرسالہ، بیروت، ۱۹۸۳م؛

اصبہانی، ابی نعیم، *حلیة الاولیاء وطبعات الاصفیاء*، دارالکتاب العربی، بیروت، ۱۹۸۷م؛

اطفیش، محمد بن یوسف، تیسیر التفسر للقرآن الکریم، [بی نا]، [بی جا]، ۱۹۱۸م؛

آلوسی، سید محمود، روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی، تہران، جہان؛

بشوی، محمد یعقوب، حقوق اہل بیت در تفاسیر اہل سنت، قم، انتشارات بین المللی المصطفیٰ، ۱۳۸۷ش،

بقاعی، ابی الحسن ابراہیم، نظم الدرر فی تناسب الایات والسور، دارالکتاب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۵م؛

ابن کثیر دمشقی، تفسیر القرآن العظیم، بیروت، دارالمعرفة، ۱۹۸۷م؛

ثعلبی، احمد، تفسیر الکشف والبیان، بیروت، داراحیاء التراث العربی، ۲۰۰۲م؛

حاکم نیشابوری، المستدرک علی الصحیحین، بیروت، دارالمعرفة؛

حویزی، عبد علی بن جمعہ، تفسیر نور الثقلین، قم، اسماعیلیان: ۴، ۱۴۱۵ق؛

رازی، فخر الدین، التفسیر الکبیر، بیروت، دارالفکر، ۱۹۸۵؛

زمخشری، احمد، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل، بیروت، دارالمعرفۃ؛

بیروت، ۲۰۰۰م؛
سیوطی، جلال الدین، الدر المنثور فی التفسیر المأثور، بیروت، دارالفکر، ۱۹۹۳م؛

شافعی، محمد، مطالب السؤول فی مناقب آل رسول، موسسۃ البلاغ، بیروت، ۱۹۹۹م؛
طبرانی، سلیمان، المعجم الکبیر، داراحیاء التراث العربی، [بی تا]، [بی جا].
طبری، محمد بن جریر، جامع البیان عن تأویل آی القرآن، دارالفکر، ۱۹۸۸؛

طنطاوی، التفسیر الوسیط للقرآن الکریم، قاہرہ، دارالمعارف؛
عبدالرحمٰن بن جوزی، زاد المسیر، بیروت، دارالکتب العلمیہ، ۲۰۰۰م؛

عمادی، محمد، تفسیر ابی السعود (ارشاد العقل السلیم الی مزایا الکتاب الکریم)، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۹م؛

قرطبیّ، محمّد بن احمد، الجامع لاحکام القرآن، بیروت، داراحیاء التراث العربی؛

ماوردی، علی، النکت والعیون (تفسیر الماوردی)، مصر، الہیئۃ المصریۃ العامّۃ للکتاب، ۱۹۷۹م؛

نسفی، عبداللہ، تفسیر النسفی (مدارک التنزیل وحقائق التأویل)، بیروت، دارالکتب العلمیہ، ۱۹۹۵م؛
نیشابوری، نظام الدین، غرائب القرآن ورغائب الفرقان، بیروت، دارالکتب العلمیہ، ۱۹۹۶م؛

ہیتمی، احمد بن حجر شافعی، الصواعق المحرقۃ فی الردّ علی اہل البدع والزندقۃ، قاہرۃ، مکتبۃ القاہرۃ، ۱۹۶۵م؛

ہیثمی، نورالدین، *مجمع الزوائد ومنبع الفوائد*، دارالکتاب العربیۃ، بیروت، ۱۹۹۸م.

حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا: عورتوں کے لیے اسوہ

سیدہ صابرہ فاطمہ[1]، ڈاکٹر سید محمد علی عون[2]

اشاریہ

یہ مقالہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شخصیت، تعلیمات، اور مظلومیت پر روشنی ڈالتا ہے، جو اسلامی تاریخ میں ایک منفرد اور مثالی مقام رکھتی ہیں۔ حضرت فاطمہ (س) کی زندگی اور اقوال ہمیں روحانی، اخلاقی، اور معاشرتی پہلوؤں میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ اس مقالے میں قرآن و حدیث کے مستند حوالہ جات کے ذریعے ان کی اہمیت، علم و دانش، صبر و استقامت، اور معاشرتی انصاف کی تعلیمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔

مقالے میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ حضرت فاطمہ (س) کی مظلومیت کی وجوہات میں فدک کی زمین کا مسئلہ، اہل بیت کے حقوق کی پامالی، اور ظلم و ستم کا سامنا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، ان کی احادیث کو بھی پیش کیا گیا ہے، جو ان کی تعلیمات کی اہمیت اور ان کے عملی نمونہ کی عکاسی کرتی ہیں۔

تحقیق کے اس طریقہ کار میں تاریخی متون، احادیث، اور اسلامی تعلیمات کا تجزیہ کیا گیا ہے تاکہ حضرت فاطمہ (س) کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو سمجھا جا سکے اور ان کی تعلیمات کو جدید دور میں اپنانے کی ضرورت کو اجاگر کیا جا سکے۔ یہ مقالہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ حضرت فاطمہ (س) کی زندگی اور تعلیمات آج بھی مسلمانوں کے لئے رہنمائی کا ذریعہ ہیں اور ہمیں اپنی زندگی کو اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب دیتی ہیں۔

کلیدی الفاظ: حضرت فاطمہ زہرا (س)، قرآن، حدیث، اسوہ، تعلیمات

---

[1] طالب علم، کارشناسی، قرآن و حدیث، دانشگاه مجازی المصطفی (ص)
[2] عضو هیات علمی، جامعه المصطفی (ص) العالمیه، قم، ایران

مقدمہ

حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری بیٹی، اسلامی تاریخ کی ایک منفرد اور مثالی شخصیت ہیں۔ ان کی زندگی اور تعلیمات نے نہ صرف مسلمانوں بلکہ پوری انسانیت کے لیے رہنمائی فراہم کی ہے۔ حضرت فاطمہ (س) کی شخصیت میں موجود روحانی، اخلاقی، اور معاشرتی پہلو انہیں عورتوں کے لیے ایک بہترین اسوہ بنا دیتے ہیں۔ یہ مقالہ حضرت فاطمہ (س) کی زندگی، ان کے کردار، اور ان کی تعلیمات پر روشنی ڈالے گا.

حضرت فاطمہ (س) کا مقام

حضرت فاطمہ (س) کو اسلامی معاشرت میں ایک خاص مقام حاصل ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اہل بیت کی فضیلت کو واضح کیا ہے:

«إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا» (سورہ احزاب: ۳۳)

یہ آیت اہل بیت کی پاکیزگی اور ان کے مقام کی وضاحت کرتی ہے۔ حضرت فاطمہ (س) کو «سیدہ نساء العالمین» یعنی «عورتوں کی سردار» کا لقب بھی دیا گیا ہے، جو ان کی عظمت کو ظاہر کرتا ہے۔ رسول اللہ (ص) نے فرمایا:

«فاطمہ (س) میرے دل کا ٹکڑا ہے، جو انہیں ناراض کرے، وہ مجھے ناراض کرتا ہے»

(صحیح بخاری: ج ۴، ص ۳۵۲)

یہ الفاظ حضرت فاطمہ (س) کی اہمیت اور مقام کو واضح کرتے ہیں۔

حضرت فاطمہ (س) کی شخصیت کے پہلو

علم و دانش

حضرت فاطمہ (س) کی شخصیت میں علم و دانش کا ایک خاص مقام ہے۔ انہوں نے اپنے والد رسول اللہ (ص) سے علم حاصل کیا اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنی زندگی گزاری۔ امام علی (ع) نے فرمایا:

«فاطمہ (س) علم کا دروازہ ہیں» (مناقب آل ابی طالب: ج ا، ص ۲۵۲)

حضرت فاطمہ (س) کی علمی قابلیت نے انہیں معاشرے میں ایک خاص مقام عطا کیا، اور ان کے اقوال اور اعمال آج بھی ہمیں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

صبر و استقامت

حضرت فاطمہ (س) نے اپنی زندگی میں بہت سی مشکلات کا سامنا کیا، لیکن انہوں نے کبھی بھی صبر و استقامت کا دامن نہیں چھوڑا۔ ان کی زندگی کا یہ پہلو ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ مشکلات کے باوجود ہمیں اللہ پر یقین رکھنا چاہئے۔ ایک حدیث میں آیا ہے:

«فاطمہ (س) نے اپنے والد سے کہا: میری قوم نے مجھے چھوڑ دیا» (الاحتجاج: ج ا، ص ۲۵۹)

یہ الفاظ ان کی مظلومیت اور صبر کی عکاسی کرتے ہیں۔

اخلاقی اقدار

حضرت فاطمہ (س) کی زندگی میں اخلاقی اقدار کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ انہوں نے ہمیشہ صداقت، انصاف، اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھا۔ رسول اللہ (ص) نے فرمایا:

«فاطمہ (س) میرا حصہ ہیں، جو انہیں ناراض کرے، وہ مجھے ناراض کرتا ہے»

(صحیح بخاری: ج ۴، ص ۳۵۲)

یہ حدیث اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ حضرت فاطمہ (س) کی شخصیت میں اخلاقی عظمت موجود تھی۔

حضرت فاطمہ (س) کی تعلیمات

حضرت فاطمہ (س) کی تعلیمات ہمیں مختلف پہلوؤں میں رہنمائی فراہم کرتی ہیں:

عبادت و بندگی

حضرت فاطمہ (س) کی زندگی میں عبادت کا ایک خاص مقام ہے۔ انہوں نے اللہ کی عبادت کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا۔ ایک حدیث میں آیا ہے:

«فاطمہ (س) رات کو نماز پڑھتی تھیں اور اپنے رب سے دعا کرتی تھیں»

(مناقب آل ابی طالب: ج ۲، ص ۲۴)

یہ ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ عبادت کی اہمیت کو اپنی زندگی میں شامل کرنا چاہیئے۔

حقوق و انصاف

حضرت فاطمہ (س) نے ہمیشہ حقوق کی پاسداری کی اور معاشرتی انصاف کے لئے آواز بلند کی۔ انہوں نے یتیموں، مسکینوں، اور مظلوموں کی حمایت کی۔ ایک حدیث میں ہے:

«جو شخص یتیم کا مال کھائے، وہ اللہ کے ساتھ جنگ کرتا ہے» (سنن ابی داؤد: ج ۳، ص ۲۵۷)

یہ تعلیم ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ہمیں معاشرتی انصاف کے لئے جدوجہد کرنی چاہیئے۔

صلہ رحم

حضرت فاطمہ (س) نے ہمیشہ اپنے خاندان اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کیا۔ انہوں نے صلہ رحم کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ایک حدیث میں آیا ہے:

«صلہ رحم کرنے والے کو اللہ کی رحمت ملتی ہے» (صحیح مسلم: ج ۳، ص ۱۲۰)

یہ ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ ہمیں اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔

حضرت فاطمہ (س) کا کردار

معاشرتی اصلاح

حضرت فاطمہ (س) نے اپنی زندگی میں معاشرتی اصلاح کے لئے جدوجہد کی۔ انہوں نے اپنے والد کے ساتھ مل کر اسلام کی تبلیغ کی اور معاشرتی برائیوں کے خلاف آواز بلند کی۔ ان کا یہ کردار ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ ہر مسلمان کو معاشرتی بہتری کے لئے کوشش کرنی چاہیے۔

خواتین کے حقوق

حضرت فاطمہ (س) نے خواتین کے حقوق کی پاسداری کی اور ان کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اپنی زندگی میں یہ ثابت کیا کہ خواتین کو تعلیم، حقوق، اور معاشرتی مقام حاصل ہے۔ ان کی مثال آج کی خواتین کے لیے ایک مشعل راہ ہے۔

نمونہ عمل

حضرت فاطمہ (س) کی زندگی اور ان کے اقوال آج بھی مسلمانوں کے لئے ایک نمونہ عمل ہیں۔ ان کی شخصیت میں موجود تمام خصوصیات ہمیں یہ سکھاتی ہیں کہ ہمیں اپنی زندگی کو اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالنا چاہیے۔

حضرت فاطمہ (س) کی مظلومیت اور امت اسلامی کی عدم توجہ

مظلومیت کی وجوہات

حضرت فاطمہ (س) کی مظلومیت کی کئی وجوہات ہیں، جن میں سے چند اہم پہلو درج ذیل ہیں:

فدک کی زمین کا مسئلہ

حضرت فاطمہ (س) نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں فدک کی زمین کے حق کے لئے جدوجہد کی۔ یہ زمین حضرت فاطمہ (س) کو رسول اللہ (ص) کی طرف سے عطا کی گئی تھی، لیکن بعد میں اس حق سے محروم کر دیا گیا۔ اس بارے میں حضرت فاطمہ (س) نے فرمایا:

«میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ وہ فرماتے تھے: 'فدک میری بیٹی فاطمہ کے لئے ہے»

(الاحتجاج: ج ۱، ص ۲۵۸)

اہل بیت کے حقوق کی پامالی

حضرت فاطمہ (س) کی مظلومیت کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ ان کے اہل بیت کے حقوق کی پامالی کی گئی۔ انہوں نے ہمیشہ اپنے خاندان کے حقوق کی پاسداری کی کوشش کی، لیکن انہیں اکثر نظرانداز کیا گیا۔ رسول اللہ (ص) نے فرمایا:

«میں اہل بیت کے بارے میں تمہیں وصیت کرتا ہوں» (صحیح مسلم: ج ۱، ص ۲۷)

ظلم و ستم کا سامنا

حضرت فاطمہ (س) نے اپنی زندگی میں مختلف قسم کے ظلم و ستم کا سامنا کیا۔ ان کے شوہر امام علی (ع) کو بھی سیاسی مسائل کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ حضرت فاطمہ (س) نے دین کے تحفظ اور ولایت کی

پاسداری کے لئے آخری وقت تک امام علی علیہ السلام کی حمیات کرتی رہیں اور اسی حمایت کی وجہ سے آپ پر ظلم ہوا اور آپ کے گھر کو آگ لگائی گیئ اور جناب محسن (ع) کو شکم میں شہید کر دیا گیا. انا للہ وانا الیہ۔

ایک حدیث میں آیا ہے:

«فاطمہ (س) نے اپنے والد سے کہا: "میری قوم نے مجھے چھوڑ دیا» (الاحتجاج: ج ا، ص ۲۵۹)

امت اسلامی کی عدم توجہ

تاریخی پس منظر

امت اسلامی کی عدم توجہ کا ایک اہم سبب تاریخی تناظر میں موجود سیاسی اور سماجی حالات ہیں۔ حضرت رسول خدا (ص) کی وفات کے بعد، اسلامی معاشرے میں جو تبدیلیاں آئیں، اس سے حضرت فاطمہ زہرا (س) اور امام علی (ع) کے حقوق پامال کے گئے اور ان پر ظلم اور ستم ڈھایا گیا. جس کے اثرات تاریخ اور آج بھی دنیا میں ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں.

تعلیمات کی عدم پذیرائی

حضرت فاطمہ (س) کی تعلیمات اور ان کی مظلومیت کے واقعات کو اسلامی تاریخ میں کم اہمیت دی گئی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض لوگ اپنے سیاسی مفادات کی خاطر ان کی تعلیمات کو نظرانداز کرتے رہے۔

موجودہ دور میں عدم توجہ

آج کے دور میں بھی، حضرت فاطمہ (س) کی مظلومیت اور ان کی تعلیمات کو نظرانداز کیا جاتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ معاشرتی مسائل میں ان کی تعلیمات کو اپنانے کی بجائے، لوگ روایتی طریقوں پر چلنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

یہاں مناسب ہے کی ہم حضرت زہرا (س) کی تعلیمات کو دیکھیں اور اسے اپنی زندگی میں پیادہ کرنے کی کوشش کریں. ہم یہاں حضرت زہرا (س) سے چند احدث نقل کرتے ہیں جو ہمارے لئے ایک مشعل ہدایت کا کام کرتی ہیں.

حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی چالیس احادیث

بہترین جانشین

حضرت فاطمہ (س) نے فرمایا: «اُشہِدُ اللّہ تَعالی لَقَد سَمِعتُہُ (ص) یقولُ: عَلِیٌّ خَیرُ مَن اِخلُفُہُ فیکم، وہُوَ الاِمامُ وَالخَلیفَۃُ بَعدی۔» (کفایۃ الاثر: ص ۱۹۹)

یہ حدیث امام علی (ع) کی فضیلت اور ان کی قیادت کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے۔ اس حدیث کے ذریعے یہ واضح ہوتا ہے کہ رسول اللہ (ص) نے اپنی وفات کے بعد علی (ع) کو اپنا جانشین منتخب کیا۔ حضرت فاطمہ (س) کی یہ گواہی اس بات کی دلیل ہے کہ علی (ع) کی قیادت کا مقام اسلامی معاشرت میں کتنا اہم ہے۔

درود بھیجنے کی فضیلت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: « قالَ لی رَسولُ اللّہِ (ص) : یا فاطِمَۃُ، مَن صَلّی عَلَیک غَفَرَ اللّہُ لَہُ، والحَقَہُ بی حَیثُ کنتُ مِنَ الجَنّۃِ۔» (کشف الغمّۃ: ج ۲ ص ۹۸)

اس حدیث میں درود بھیجنے کی فضیلت بیان کی گئی ہے، جو اللہ کی مغفرت اور جنت میں مقام کی ضمانت دیتا ہے۔ یہ تعلیم ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ درود بھیجنے کا عمل نہ صرف روحانی فوائد رکھتا ہے بلکہ یہ اللہ کی رحمت کا بھی ذریعہ ہے۔

مؤمن کا نور

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «المُؤمِن یُنظُرُ بنورِ اللّہِ تَعالی۔» (عیون المعجزات: ص ۵۴)

یہ حدیث ایمان کی روشنی کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے، جو مؤمن کی بصیرت کو بڑھاتی ہے۔ مؤمن کی زندگی میں اللہ کا نور اس کی رہنمائی کرتا ہے اور اسے صحیح راستے پر گامزن کرتا ہے۔

پاکدامن عورتوں کی حفاظت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «جَعَلَ اللہُ... اجتِنابَ القَذفِ حِجاباً عَنِ اللَّعنۃِ۔» (الاحتجاج: ج ۱ ص ۲۵۸ ح ۴۹)

یہ حدیث تہمت سے بچنے کی اہمیت کو بیان کرتی ہے، جو معاشرتی انصاف کی بنیاد ہے۔ پاکدامن عورتوں کی عزت اور ان کے حقوق کا تحفظ کرنا معاشرتی ذمہ داری ہے۔

ایمان کی اہمیت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللہُ الإیمانَ تَطہیراً مِنَ الشِّرکِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

ایمان کو شرک سے پاکیزہ کرنے کا عمل اللہ کی رضا کا ذریعہ ہے۔ یہ تعلیم ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ایمان کا اصل مقصد اللہ کے ساتھ تعلق کو مضبوط کرنا ہے۔

یتیم کے مال کی حفاظت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللہُ... تَرکَ...اِکلِ اِموالِ الیتامی اِجارَۃً مِنَ الظُّلمِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

یہ حدیث یتیموں کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے، جو معاشرتی انصاف کی علامت ہے۔ یتیموں کی مدد اور ان کے حقوق کا خیال رکھنا اسلامی تعلیمات کا حصہ ہے۔

پیمانے اور ترازو

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... تَوفِیَۃَ المَکَاییلِ وَالمَوازِینِ تَغییراً لِلبَخسَۃِ.» (کتاب من لا یحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

تجارتی انصاف کی اہمیت کو بیان کرتی ہے، جو معیشت میں شفافیت کو یقینی بناتا ہے۔ یہ تعلیم ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ تجارتی معاملات میں دیانتداری اور انصاف کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

امامت اور اطاعت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... الطّاعَۃَ نِظاماً لِلمِلَّۃِ، وَالإمامَۃَ لَمّاً مِنَ الفُرقَۃِ.» (کتاب من لا یحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

یہ حدیث امامت کے نظام کی اہمیت کو بیان کرتی ہے، جو تفرقہ سے بچاتا ہے۔ امامت کا نظام مسلمانوں کی اجتماعی زندگی میں اتحاد اور یکجہتی کا ذریعہ ہے۔

صبر

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... الصَّبرَ مَعونَۃً عَلَی الاِستیجابِ.» (کتاب من لا یحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

دعا کی قبولیت کے لئے صبر کی اہمیت کو بیان کرتی ہے۔ صبر ایک ایسی خصوصیت ہے جو مؤمن کو مشکلات کا سامنا کرنے میں مدد دیتی ہے۔

صلہ رحم

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... صِلَةَ الأَرحامِ مَنماةً لِلعَدَدِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

خاندانی روابط کی اہمیت کو بیان کرتی ہے، جو معاشرتی استحکام کا ذریعہ ہے۔ صلہ رحم کا عمل خاندانوں کے درمیان محبت اور اتحاد کو فروغ دیتا ہے۔

روزہ

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ [اللّٰہُ]... الصِّیامَ تَثبیتاً لِلإِخلاصِ۔» (علل الشرائع: ص ۲۴۸ ح ۲)

روزے کا مقصد اخلاص کو مضبوط کرنا ہے، جو روحانی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ روزہ ہمیں اللہ کے قریب کرتا ہے اور ہمارے دلوں کو پاک کرتا ہے۔

عدل وانصاف

ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

فیصلوں میں عدل کی ضرورت کو بیان کرتی ہے، جو معاشرتی سکون کا باعث بنتا ہے۔ عدل وانصاف معاشرتی زندگی کا ایک اہم ستون ہے۔

امر بالمعروف

ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

یہ حدیث معاشرتی اصلاح کے لئے امر بالمعروف کی اہمیت کو بیان کرتی ہے۔ امر بالمعروف کا عمل معاشرتی بہتری کا ذریعہ ہے۔

قصاص

ح ۴۹۴۰)

خون ریزی سے بچنے کے لئے قصاص کا نظام، جو انصاف کا تقاضا کرتا ہے۔ یہ نظام معاشرتی امن کا ضامن ہے۔

نذر پوری کرنا

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... الوَفاءَ بِالنَّذرِ تَعریضاً لِلمَغفِرَةِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

نذر کا وفا کرنا، جو اللہ کی رضا کا ذریعہ ہے۔ نذر پوری کرنے سے اللہ کی رحمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

حج

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... الحَجَّ تَشییداً لِلدّینِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)

دین کی عظمت کے لئے حج کی اہمیت، جو ہر مسلمان پر واجب ہے۔ حج مسلمانوں کے لئے روحانی تربیت کا ذریعہ ہے۔

والدین کے ساتھ نیکی

ص ۵٦۸ ح ۴۹۴۰)

والدین کی رضا کے حصول کا ذریعہ، جو جنت کا دروازہ ہے۔ والدین کی خدمت کرنا ایک عظیم عبادت ہے۔

جہاد

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... الجِہادَ عِزّاً لِلاِسلامِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵٦۸ ح ۴۹۴۰)

اسلام کی عزت و سربلندی کے لئے جہاد کی ضرورت، جو ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ جہاد کا مقصد اسلام کی حفاظت کرنا ہے۔

نماز

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «فَرَضَ اللّٰہُ... الصَّلاۃَ تَنزیہاً عَنِ الکبرِ۔» (کتاب من لایحضرہ الفقیہ: ج ۳ ص ۵٦۸ ح ۴۹۴۰)

نماز کے ذریعے تکبر سے بچنے کی اہمیت، جو روحانی پاکیزگی کا ذریعہ ہے۔ نماز اللہ کے ساتھ تعلق کو مضبوط کرتی ہے۔

دعائے بعد از نمازِ ظہر

حضرت فاطمہ (س) اپنی دعائے ظہر میں فرماتی ہیں: «اللّٰھُمَّ إِنّی اِسألک قَولَ التَّوّابینَ و عَمَلَھُم، ونَجاۃَ المُجاہِدینَ وثَوابَھُم۔» (فلاح السائل: ص ۳۱۲ ح ۲۱۲)۔

زکات کی حکمت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «جَعَلَ اللہُ... الزَّکاۃَ تَزکِیَۃً لِلنَّفسِ، وَنَماءً فِی الرِّزقِ۔» (الاحتجاج: ج ۱ ص ۲۵۸ ح ۴۹)۔

سخاوت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «قالَ لی اَبی رَسولُ اللہِ (ص): السَّخاءُ شَجَرَۃٌ فِی الجَنَّۃِ وَاَغصانُہا فِی الدُّنیا۔» (دلائل الامامۃ: ص ۷۱ ح ۹)۔

تقوای الہی

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «اِتَّقُوا اللہَ حَقَّ تُقاتِہِ۔» (الاحتجاج: ج ۱ ص ۲۵۹ ح ۴۹)۔

اطاعت از فرامین الہی

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «اَطِیعُوا اللہَ فیما اَمَرَکُم بِہِ وَ [ما] نَہاکُم عَنہُ۔» (الاحتجاج: ج ۱ ص ۲۵۹ ح ۴۹)۔

بخل

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «قالَ لی اَبی رَسولُ اللہِ (ص): اِیاکَ وَالبُخلَ؛ فَاِنَّہُ شَجَرَۃٌ فِی النّارِ۔» (دلائل الامامۃ: ص ۷۱ ح ۹)۔

بخل ایک آفت

حضرت فاطمہ (س) فرماتی ہیں: «قالَ لی اَبی رَسولُ اللہِ (ص): اِیاکَ وَالبُخلَ؛ فَاِنَّہُ عاہَۃٌ لا تَکونُ فی کَریمٍ۔» (دلائل الامامۃ: ص ۷۱ ح ۹)۔

